زبان میری ہے بات ان کی

☆ کیبل نشریات کنٹرول کرنے پر یقین نہیں رکھتے۔ (سیکرٹری اطلاعات)

قوم کے ٹیکس سے ۳۵ ہزار روپے ماہوار تنخواہ پاتے ملازم کو حق پہنچتا ہے کہ وہ قوم کے نوجوانوں کی اخلاقی اقدار کو تباہ کرتا رہے۔

☆ صدارت کے لئے مشرف کی بار بار حمایت کرتے ہیں، خدارا وہ سن لیں۔ (طاہر القادری)

ہائے رے! اقتدار!

☆ بی اے، بی ایڈ نوجوان، چپڑاسی بھرتی ہونے آ گیا۔ (ایک خبر)

بڑوں کے الّلے تللّے　　　چھوٹے چھلّے ای چھلّے

☆ ورلڈ ٹریڈ سنٹر کی تباہی کے بعد ۲۵ ہزار امریکی مسلمان ہوئے۔ (ایک خبر)

جادو وہ جو سر چڑھ کے بولے

☆ موسم بہار کی آمد پر محفل موسیقی...... منجانب: کلچرل ونگ روزنامہ "خبریں"...... تعاون: علی ایسوسی ایٹس (ایک اشتہار)

"محفل موسیقی اور علی ایسوسی ایٹس"...... آپ ہی اپنی اداؤں پہ ذرا غور کریں۔

☆ شکر کریں، بی اے کے ساتھ بی بی کی شرط نہیں۔ (حافظ حسین احمد)

شیخ صاحب گھر سے نکلے اور مجھ سے کہہ دیا　　　آپ بی اے پاس ہیں اور بندہ بی بی پاس ہے

☆ سرکاری گاڑیوں کی گھریلو ڈیوٹیاں جاری...... بیگمات اور بچے سیریں کرتے ہیں۔ (ایک خبر)

کیا پاکستان صرف انہی کے لئے بنا تھا؟

☆ کھر ۱۴ سالہ دوشیزہ پر مر مٹے...... آٹھویں بار دولہا بنے۔ (ایک خبر)

"مصطفیٰ کھر آٹھویں شادی مبارک ہو تمہیں　　　خوبصورت خانہ آبادی مبارک ہو تمہیں

دولہا بھائی، بابا کھر کے پوتے پوتیو!　　　۱۴ سالہ خوبرو دادی مبارک ہو تمہیں"

☆ دہشت گردوں کا کوئی مذہب نہیں، حملے جاری رکھیں جائیں۔ (بش)

فلسطینیوں کے قاتل یہودیوں کے بارے میں کیا خیال ہے؟

☆ ڈاک لفافے کی قیمت ۵ روپے کرنے کا فیصلہ (ایک خبر)

مجھ میں اب نامہ نویسی کی تب و تاب کہاں　　　ڈاکیا آئے تو اس سے میرا مکتوب نہ مانگ

قیمت و قدر لفافے میں اضافے کی قسم　　　"مجھ سے پہلی سی محبت میرے محبوب نہ مانگ"

☆ ادویات کی قیمتوں میں ۱۵ فیصد اضافہ، اس سے کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ (وفاقی وزیر)

موت سے پہلے آدمی ان سے نجات پائے کیوں؟